22.08.2025

21.15 Hrs.

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

Music

………………………………

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کولکاتہ میں پانچ ہزار200 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا اور کہا کہ بھارت دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آن لائن گیمنگ کو منضبط کرنے سے متعلق بل اور انکم ٹیکس ایکٹ 2025 سمیت پارلیمنٹ سے منظور کئے گئے پانچ اہم بلوں کو اپنی منظوری دے دی ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے انتخابی کمیشن کو ہدایت دی ہے کہ وہ بہار میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرثانی کے عمل کے تحت ووٹر فہرست میں نام شامل کرنے کیلئے آدھار کارڈ یا 11 قابل قبول دستاویزات میں سے کسی بھی دستاویز کو قبول کرے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اختراع اور تکنیکی فروغ کو بڑھاوا دے کر ایک مضبوط دفاعی نظام تیار کر رہا ہے۔

☆ سرکار نے ملک کی سیمی کنڈکٹر ڈیزائن صلاحیت کو فروغ دینے کیلئے ڈیزائن سے وابستہ ترغیبی اسکیم کے تحت 23 چپ ڈیزائن پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

☆ اور کھیلوں میں، قزاخستان میں ایشیائی نشانے بازی چمپئن شپ میں خواتین کے دس میٹر کے ایئر رائفل مقابلے میں بھارت کی Elavenil Valarivan نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

………………………………

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Kolkata Bihar**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شام کولکاتہ میں پانچ ہزار دو سو کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ اِس موقع پر موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بھارت کی تاریخ اور مستقبل دونوں میں کولکاتہ کا ایک اہم مقام ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اب جبکہ بھارت دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے، دَم دَم اور کولکاتہ کا اہم شہروں میں بڑا رول ہے۔

S/B 2100 PM Kayakalp

جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ سال 2014سے پہلے ملک میں میٹرو کے صرف 250 کلو میٹر کے Routes تھے، جو اب بڑھ کر ایک ہزار کلو میٹر سے بھی تجاوز کر گئے ہیں۔

S/B 1805 PM 21st Century India Connectivity

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے.........

VC Kalyan Laha

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کولکاتہ میں تین میٹرو خدمات کا افتتاح کیا اور جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ جناب مودی نے Noapara-Jai Hind Bimanbandar یلو لائن سیکشن پر جیسور روڈ میٹرو اسٹیشن سے جے ہند Bimanbandar تک میٹرو ٹرین میں سفر بھی کیا۔ اِن تین نئی میٹرو خدمات سے نہ صرف سفر میں کم وقت لگے گا بلکہ رابطوں میں اضافہ ہوگا۔ وزیر اعظم نے ہاوڑہ میٹرو اسٹیشن پر ایک سب وے کا بھی افتتاح کیا۔ جناب مودی نے قومی شاہراہ نمبر 12پر 7 کلو میٹر طویل 6لین والی کونا ایکسپریس وے کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ اس سے ہاوڑہ، آس پاس کے دیہی علاقوں اور کولکاتہ کے درمیان کنکٹی وِٹی میں سہولت ہوگی۔

کولکاتہ سے کلیان لاہا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب احمد

اِس سے پہلے بہار میں گیا میں 12ہزار کروڑ روپئے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کے بعد اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ آپریشن سندور نے بھارت کی دفاعی حکمت عملی میں ایک نئی لائن کھینچ دی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اب کوئی بھی بھارت میں دہشت گردوں کو بھیج کر یا حملوں کی سازش کرکے بچ نہیں سکتا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اگر دہشت گرد زمین کی گہرائی میں بھی چھپ جائیں تو بھی بھارت کے میزائل اُنھیں وہیں نیست ونابود کردیں گے۔

S/B 1400 PM on Operation Sindoor

آج جن پروجیکٹوں کا آغاز کیا گیا ہے اُن میں بجلی، سڑک، صحت، شہری ترقی، پانی کی سپلائی اور ریلویز شامل ہیں۔ جناب مودی نے گیا اور دلّی کے درمیان امرت بھارت ایکسپریس ٹرین اور ویشالی اور کوڈرما کے درمیان بودھ سرکٹ ٹرین کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا، جس سے سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور خطے میں اہم بودھ مقامات کیلئے سفر کرنے میں سہولت ہوگی۔ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ دلّی اور گیا کے درمیان امرت بھارت ٹرین کا مقصد جدید طرز کی سہولیات، آرام دہ سفر اور سیفٹی کے ساتھ مسافروں کیلئے سہولیات کو مزید بہتر بنانا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Bhanu

وزیر اعظم نریندر مودی نے جس امرت بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ہے، اُس سے کم خرچ میں تیز رفتار ریل کے سفر کی سہولت مل سکے گی، جس سے نہ صرف گیا کو قومی راجدھانی کے ساتھ جوڑا جاسکے گا بلکہ آنے والے دیوالی اور چھٹھ تہواروں کے دوران کثیر تعداد میں مسافروں کے سفر کرنے میں بھی آسانی ہوجائے گی۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی گفتگو میں دین دیال اُپادھیائے ڈویژن کے ایڈیشنل ڈویژنل ریلوے مینیجر، دلیپ کمار نے بتایا کہ اِس ریل گاڑی سے مسافروں کیلئے کئی طرح کی بہتر سہولیات دستیاب ہوجائیں گی اور خصوصی

ضروریات کے حامل افراد کو بھی آسانی ہوگی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ ٹرین خاص طور پر اُن مسافروں کیلئے فائدے مند ثابت ہوگی جو راجدھانی اور شتابدی ایکسپریس ٹرینوں کا خرچ برداشت نہیں کرسکتے۔ یہ ٹرین ساسارام، ٹُنڈلا اور گووند پوری جیسے دور دراز کے مختلف اسٹیشنوں کو قومی راجدھانی کے ساتھ جوڑے گی۔

گیا سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

## Rev. Prez Assent

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آن لائن گیمنگ کے فروغ اور انضباط سے متعلق بل کو منظوری دے دی ہے۔ اِس قانون کا مقصد ای– اسپورٹس اور آن لائن سوشل گیمز کی حوصلہ افزائی کرنا ہے، ساتھ ہی نقصان دہ آن لائن Money گیمنگ خدمات، اشتہارات اور اِن سے متعلق معاشی لین دین کی روک تھام بھی ہے۔ اِس سے پہلے کل پارلیمنٹ نے آن لائن گیمنگ کے فروغ اور انضباط سے متعلق بل کو منظوری دے دی تھی۔ اِس قانون میں تال میل بھری پالیسی مدد، اسٹریٹجک پیش رفت اور اِس شعبے کی انضباطی نگرانی کیلئے آن لائن گیمنگ اتھارٹی کے تقرر کی گنجائش موجود ہے۔ آن لائن گیمنگ کے فروغ اور انضباط سے متعلق قانون کا مقصد کسی فرد بالخصوص نوجوانوں اور بآسانی شکار بن جانے والے لوگوں کو اِن آن لائن گیمز کے سماجی، معاشی، نفسیاتی اور رازداری سے متعلق تباہ کن اثرات سے بچانا ہے۔ اِس کے علاوہ صدر جمہوریہ نے انکم ٹیکس قانون 2025، ٹیکس ضوابط ترمیمی قانون 2025، Institutes of Managment ترمیمی قانون 2025، کانوں اور معدنیات کے فروغ اور انضباط سے متعلق ترمیمی قانون 2025اور بھارتی بندرگاہ قانون 2025 کو بھی منظوری دے دی ہے۔ x

## SC ECI SIR

سپریم کورٹ نے انتخابی کمیشن کو ہدایت دی ہے کہ وہ کاغذ کی شکل میں دستاویزات پیش کرنے پر اصرار کئے بغیر اُن ووٹرس کے دعووں کے فارم آن لائن قبول کرے جن کے نام فہرست میں نہیں ہیں۔ عدالت عالیہ کی بینچ نے یہ وضاحت بھی کی ہے کہ دعووں کے فارم انتخابی کمیشن کی جانب سے پہلے بتائے گئے 11دستاویزات میں سے کسی بھی دستاویز یا آدھار کارڈ کے ساتھ پیش کئے جاسکتے ہیں۔جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس Joymalya Bagchi پر مشتمل ایک بینچ نے مختلف درخواستوں کی سماعت کرتے ہوئے یہ حکم جاری کیا ہے۔ اِن درخواستوں میں بہار میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرثانی کرانے کے انتخابی کمیشن کے 26جون کے حکم کو چیلنج کیا گیا تھا۔ عدالت عالیہ کی بینچ نے سیاسی پارٹیوں اور ریاست کے بوتھ سطح کے اُن کے ایجنٹوں سے کہا ہے کہ وہ اُن افراد کی معاونت کریں جو ذاتی معلومات کے اپنے فارم داخل نہیں کرسکے ہیں اور اِس کے نتیجے میں ووٹر فہرست میں اُن کا نام نہیں ہے۔x

## Rajnath Defence

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اختراعی اور تکنیکی فروغ کو بڑھاوا دے کر اور اندرونِ ملک کمپنیوں کیلئے ترقی کا مناسب ماحول پیدا کرکے ایک مضبوط دفاعی نظام قائم کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک

پانچویں سلسلے کے لڑاکا ہوائی جہاز تیار کرنے اور ہوائی جہازوں کا انجن بنانے کی سمت آگے بڑھ رہا ہے۔ جناب راجناتھ سنگھ نے کہا کہ ملک میں فرانس کی کمپنی Safran کے ساتھ طیاروں کے انجن بنانے کا کام شروع ہونے والا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ سرکار نے 97 تیجس لڑاکا ہوائی جہاز بنانے کیلئے HAL کے ساتھ ایک نئے آرڈر کو منظوری دی ہے، جس پر 66ہزار کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔ انھوں نے بتایا کہ HAL کو اِس سے پہلے 48ہزار کروڑ روپے کی لاگت پر 83ہوائی جہاز تیار کرنے کا آرڈر دیا گیا تھا۔ جناب راجناتھ سنگھ نے سبھی غیرملکی کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کو مدعو کیا کہ وہ آگے آئیں اور بھارت کے مضبوط دفاعی مینوفیکچرنگ نظام میں سرمایہ لگائیں۔x

## Rajnath Singh UN Women

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت، صنفی مساوات کو فروغ دینے، شمولیاتی قیادت کو تقویت دینے اور پُرامن دنیا کی تعمیر کی خاطر کام کرتا رہے گا۔ نئی دلّی میں اقوام متحدہ قیامِ امن کی خواتین فوجی افسران سے ملاقات کے دوران جناب سنگھ نے یہ بات کہی۔ حکومت کے عزم کا ذکر کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت، UNWMOC جیسے مشنوں اور پہل میں خواتین کی شرکت اور اُن کے انضمام کا ہمیشہ سے مضبوط حمایتی رہا ہے۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ حکومت، مسلح افواج اور قیامِ امن دستوں میں کام کرنے اور قیادت کے مساوی مواقع کو یقینی بنانے کیلئے پالیسیوں کو مستحکم کر رہی ہے تاکہ خواتین کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کی جاسکے۔ جناب سنگھ نے 15ممالک کے افسران کی موجودگی کو اقوام متحدہ، اُس کے اتحاد اور تعاون کی چھوٹی سی جھلک قرار دیا۔

S/B: Rajnath Singh

## PM Semicon India

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں اگلے مہینے کی 2تاریخ کو چوتھے Semicon India 2025 کا افتتاح کریں گے۔ اِس تین روزہ نمائش میں مائیکرو الیکٹرانکس اور سیمی کنڈکٹر Value Chain کے شعبے میں ملک کی بڑھتی ہوئی صلاحیت اور آئندہ کے پروگراموں کی جھلک پیش کی جائے گی۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت کے سکریٹری ایس کرشنن نے بتایا کہ پہلی مرتبہ اِس نمائش میں جاپان، جنوبی کوریا، سنگاپور اور ملیشیا کے چار بین الاقوامی پویلین بھی ہوں گے۔ انھوں نے بتایا کہ 18 ملکوں اور خطوں سے 350 کمپنیاں اپنی اپنی اشیاء اور سامان کی نمائش کریں گی۔ جناب کرشنن نے یہ بھی کہا کہ اِس میں 9ریاستیں بھی حصہ لے رہی ہیں۔

## Govt Chip Design

سرکار نے ملک کی سیمی کنڈکٹر ڈیزائن صلاحیت کو فروغ دینے کی خاطر ڈیزائن سے وابستہ ترغیب کی اسکیم کے تحت 23چپ ڈیزائن پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ اِن پروجیکٹوں کو مختلف شعبوں کیلئے ملکی وسائل سے Chips

اور متعلقہ حل تیار کرنے کے سلسلے میں مدد مل رہی ہے۔ اِن شعبوں میں نگرانی کیمرے، ایزجی میٹرس، مائیکرو پروسیسر IPs اور نیٹ ورکنگ ایپلی کیشنز شامل ہیں۔ الیکٹرانکس اور آئی ٹی محکمے کی وزارت نے کہا ہے کہ 72 کمپنیوں کو اپنے Chip ڈیزائن پروجیکٹوں کیلئے متعلقہ صنعت کے معیاری الیکٹرانک ڈیزائن آٹومیشن Tools تک رسائی حاصل ہوگئی ہے۔ اِن میں سے ایک سیمی کنڈکٹر کمپنی Vervesemi مائیکرو الیکٹرانکس نے بھارت کی سیمی کنڈکٹر خودکفالت کی رفتار تیز کرنے اور عالمی اختراع میں اہم رول ادا کرنے کیلئے اپنے جدید طرز کے مربوط سرکٹ کے Portfolio کا اعلان کیا ہے۔x

## Rev. Fertilizer Production

حکومت نے آج کہا ہے کہ جاری خریف سیزن کے دوران ریاستوں میں کھاد کی وافر مقدار دستیاب ہے۔ کیمیکلز اور کھاد کی وزارت کے مطابق 143لاکھ میٹرک ٹن کی ضرورت کے مقابلے مجموعی طور پر 183لاکھ میٹرک ٹن کھاد دستیاب ہے، جس میں سے 155لاکھ میٹرک ٹن کھاد پہلے ہی فروخت ہوچکی ہے۔ وزارت نے بتایا کہ ڈائی امونیم فاسفیٹ DAP کی ضرورت 45لاکھ میٹرک ٹن تھی، جبکہ اِس کی دستیابی 49لاکھ میٹرک ہے، جس میں سے 33لاکھ میٹرک ٹن فروخت ہوچکی ہے۔

یوریا کی ریکارڈ پیداوار کی بدولت کھاد کی گھریلو پیداوار میں گزشتہ 10سال میں قابل ذکر اضافہ درج کیا گیا ہے۔ کیمیکلز اور کھاد کی وزارت کے مطابق سال 2024-25کے دوران 36لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ یوریا کی پیداوار کا اندراج ہوا ہے جو کہ سال 2013-14 کی یوریا پیداوار کے مقابلے 35فیصد کا اضافہ ہے۔ سال 2013-14میں 227لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ یوریا کی پیداوار درج کی گئی تھی۔

وزارت نے مزید کہا کہ ڈائی امونیم فاسفیٹ DAP اور نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم NPKS کھاد کی پیداوار بھی گزشتہ 10سال میں 110لاکھ میٹرک ٹن سے بڑھ کر 158لاکھ میٹرک ٹن ہوگئی ہے۔

وزارت نے مزید کہا ہے کہ ملک میں کھاد کی سپلائی پر عالمی سیاسی صورتحال کے اثرات کے باوجود حکومت نے کسانوں کو راحت پہنچانے کیلئے کھاد پر سبسڈی فراہم کرتے ہوئے مختلف اقدامات کیے ہیں۔

کسانوں کو 45 کلو گرام کی یوریا کی Bag، 242 روپے اور DAP کی Bag، ایک ہزار 350روپے میں مل رہی ہے۔ x

## SC Stray Dogs

سپریم کورٹ نے دلّی– قومی راجدھانی خطے میں آوارہ کتّوں کو پکڑنے اور پوری طرح سے منتقل کرنے سے متعلق اپنے پہلے کے احکامات میں تبدیلی کی ہے۔جسٹس وکرم ناتھ، جسٹس سندیپ مہتہ اور جسٹس N.V. انجاریہ پر مشتمل تین رکنی بینچ نے تازہ حکم نامے میں ہدایت دی ہے کہ پکڑے گئے آوارہ کتوں کی نسبندی اور ٹیکہ اندازی کے بعد اُن کے اپنے علاقوں میں چھوڑ دیا جائے۔ یہ ہدایت، ریبیز سے متاثرہ یا جارحانہ رویّے کا مظاہرہ کر رہے کتوں پر نافذ نہیں ہے۔ جسٹس ناتھ کی سربراہی والی بینچ نے آوارہ کتوں کو عام لوگوں کی جانب سے کھانا کھلانے کی

ممانعت کرتے ہوئے اِن کتوں کیلئے مخصوص جگہیں تیار کرنے پر زور دیا۔ سپریم کورٹ نے دلّی اور قومی راجدھانی خطے سے سماعت کا دائرہ آگے بڑھاتے ہوئے سبھی ریاستی حکومتوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے آوارہ کتوں پر ملک گیر پالیسی بنانے کو کہا ہے۔ سپریم کورٹ نے مختلف ہائی کورٹس میں اِس سے مماثل عرضیوں کو سپریم کورٹ منتقل کرنے کا بھی مشورہ دیا۔ x

## SL President

سری لنکا کے سابق صدر رانل وکرما سنگھے کو آج کولمبو میں جرائم کی تحقیقات کے محکمے CID کی رُو برو پیش ہونے کے بعد گرفتار کرلیا گیا۔ اُن کی گرفتاری لندن کے اُن کے ذاتی دورے کے دوران اخراجات کی ادائیگی کیلئے سرکاری فنڈز کے استعمال کے الزامات کے تحت ہوئی ہے۔ رانل وکرما سنگھے نے لندن میں یونیورسٹی گریجویشن تقریب میں شرکت کی تھی۔ x

## Sports Shooting

بھارتی اولمپک کھلاڑی Elavenil Valarivan نے قزاخستان کے Shymkent میں جاری سولہویں ایشین نشانے بازی چمپئن شپ میں بہترین کار کردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خواتین کے 10میٹر ایئر رائفل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ کسی برّ اعظمی مقابلے میں انفرادی طور پر یہ اُن کا لگاتار دوسرا تمغہ ہے۔ اِس سے پہلے انہوں نے جکارتہ میں 2024 کی ایشیائی چمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ جیتا تھا۔ تمل ناڈو کی رہنے والی 26سالہ Valarivan نے فائنل میں متاثر کن کار کردگی کا مظاہرہ کیا اور 253اعشاریہ 6پوائنٹس کے ساتھ پہلا مقام حاصل کیا۔ یہ اسکور، نیا قومی ریکارڈ بن گیا ہے جو کہ عالمی سطح پر اُن کی لگاتار بہترین کار کردگی کی عکاسی کرتا ہے۔ اِس مقابلے میں چین کی Peng Xinlu نے چاندی کا، جبکہ جنوبی کوریا کی Kwon Eun-ji نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ x

☆☆☆☆☆☆